10نومبر 2015ء

مالی سال16ء کے پہلے چار مہینوں میں کارکنوں کی ترسیلات زر5.2فیصد نمو کے ساتھ 6.5ارب ڈالر ہو گئیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے مالی سال16ء کے ابتدائی چار مہینوں (جولائی تا اکتوبر) کے دوران6506.50ملین امریکی ڈالر وطن بھجوائے جس سے م س15ء کے اسی عرصے میں بھجوائی گئی رقم 6184.34ملین ڈالر کے مقابلے میں 5.21فیصد کی نمو ظاہر ہوتی ہے۔

اکتوبر 2015ء کے دوران کارکنوں کی ترسیلات زر کی مالیت 1539.96 ملین ڈالر تھی جو ستمبر 2015ء کے مقابلے میں 13.28فیصد زائد، اور اکتوبر2014ء کے مقابلے میں9.28فیصد زائد ہے۔ بلحاظ ملک اکتوبر2015ء کی تفصیلات سے پتہ چلتا ہے کہ سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، امریکہ، برطانیہ، خلیج تعاون کونسل کے ملکوں (بشمول بحرین، کویت، قطر اور عمان) اور یورپی یونین کے ملکوں سے بالترتیب464.53ملین ڈالر، 367.37 ملین ڈالر، 188.26ملین ڈالر، 197.56ملین ڈالر، 178.09ملین ڈالر، اور 31.56 ملین ڈالر پاکستان بھجوائے گئے جبکہ اکتوبر2014ء میں ان ملکوں سے آنے والی رقوم بالترتیب 374.65ملین ڈالر، 320.91 ملین ڈالر، 226.04ملین ڈالر، 193.45ملین ڈالر، 154.84ملین ڈالر، اور 30.54ملین ڈالر تھیں۔ اکتوبر2015ء کے دوران ناروے، سوئٹزرلینڈ، آسٹریلیا، کینیڈا، جاپان اور دیگر ملکوں سے آنے والی ترسیلات زر مجموعی طور پر 112.59ملین ڈالر رہیں جبکہ اکتوبر 2014ء میں ان ملکوں سے موصولہ رقم 108.79ملین ڈالر تھی۔

☆☆☆